آر۔ کے فلمز کا تیار کردہ

شری ۴۲۰

اداکاران

نرگس۔ راج کپور۔ نادرہ وغیرہ

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

سٹوری اناتھ آشرم میں پلا ہوا راجکمار سکینہ جب نوکری ڈھونڈنے بمبئی آیا تو اسکے پاس دو قیمتی چیزیں تھیں۔ ودیا اور ایمان۔ الہ آباد یونیورسٹی سے اس نے بی۔ اے پاس کی تھی۔ اور ایمانداری کیلئے اناتھ آشرم سے اسے سونے کا تمغہ ملا تھا۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

شری ۴۲۰ کے گانے

گانا نمبر ۱

مکیش

میرا جوتا ہے جاپانی۔ یہ پتلون انگلستانی
سر پہ لال ٹوپی روسی۔ پھر بھی دل ہے ہندوستانی
نکل پڑے ہیں کھلی سڑک پہ اپنا سینہ تانے
منزل کہاں! کہاں رکنا ہے اوپر والا جانے
بڑھتے جائیں ہم سیلانی۔ جیسے اک دریا طوفانی — سر پہ لال ٹوپی...
اوپر نیچے نیچے اوپر لہر چلے جیون کی
ناداں ہے جو بیٹھ کنارے پوچھے راہ وطن کی
چلنا جیون کی کہانی۔ رکنا موت کی نشانی — سر پہ لال ٹوپی...
ہونگے راجے راج کنور ہم بگڑے دل شہزادے
ہم سنگھاسن پر جا بیٹھیں جب جب کریں ارادے
صورت ہے جانی پہچانی۔ دنیا والوں کو حیرانی — سر پہ لال ٹوپی...
میرا جوتا ہے جاپانی...

منا دے

گانا نمبر ۲:۔ دل کا حال سنے دل والا۔ سیدھی سی بات نہ مرچ مسالا
کہہ کے رہے گا کہنے والا
چھوٹے سے گھر میں غریب کا بیٹا۔ میں بھی ہوں ماں کے نصیب کا بیٹا
رنج و غم بچپن کے ساتھی۔ آندھیوں میں جلی جیون باتی

بھونک نے یہ بڑے پیار سے پالا ۔ دِل کا حال ....
ہائے کروں کیا صورت ایسی ۔ گانٹھ کے پورے چور کے جیسی
چلتا پھرتا جان کے اِک دن ۔ بن دیکھے پہچان کے اِک دن
باندھ کے لے گیا پولیس والا ۔ دِل کا حال ...
بوڑھے داروغہ نے چشمے سے دیکھا ادھر سے دیکھا نیچے سے دیکھا
آگے سے دیکھا پیچھے سے دیکھا ۔ بولے یہ کیا کر بیٹھے گھوٹالا
یہ تو ہے تھانیدار کا سالا ــــ دِل کا حال ...
غم سے ابھی آزاد نہیں ہیں ۔ خوش ہوں مگر آباد نہیں ہیں
منزل میرے پاس کھڑی ہے ۔ پاؤں میں لیکن بیڑی پڑی ہے
ٹانگ اڑاتا ہے دولت والا ــــ دِل کا حال ....
سُن لے مگر یہ کسی سے نہ کہنا ۔ تنکے کا لے کے سہارا نہ بہنا
بن موسم ملہار نہ گانا ۔ آدھی رات کو مت چلانا
ورنہ پکڑ لے گا پولیس والا ــــ دِل کا حال ...

گانا نمبر ۲ : ایچک دانہ بیچک دانہ دانے اوپر دانہ ــــ لتا منگیشکر
نیچے اوپر لڑکی نیچے لڑکا ہے دیوانہ ... بولو کیا؟ (انار)
چھوٹی سی چھوکری لال بالی نام ہے ۔ پہنے وہ گھاگرا ایک پیسہ دام ہے
مُنہ میں سب کے آگ لگائے آتا ہے رُلانا .... ایچک دانہ ..
بولو کیا؟ بولو بولو (مرچی)
ہری تھی من بھری تھی لاکھ موتی جڑی تھی ۔ راجہ جی کے باغ میں دوشالہ اوڑھے کھڑی تھی
کچے پکے بال ہیں اُسکے مکھڑا ہے ملہانا .... ایچک دانہ ۔ بولو کیا؟ (بھٹا)
اِک جانور ایسا جس کی دُم پر پیسہ ۔ سر پہ ہے تاج بادشاہ کے جیسا
بادل دیکھے چھم چھم ناچے البیلا مستانہ ۔ ایچک دانہ ...

بولو کیا! بولو نا (کورس)

چالیس دہ جھیل کے دل میں سمایا۔ کھا پی گیا وہ کہا ہے صفایا

تم دیکھو نہ کے رہنا چکر میں نہ آنا۔۔۔ ایک دانا۔۔

بولو کیا؟ تم ۔ نہیں ہم۔۔۔

گانا نمبر ۔ راج :۔ پیار ہوا اقرار ہوا ہے پیار سے پھر کیوں ڈرتا ہے دل لتا، منا ڈے

ودیا :۔ کہتا ہے دل رستہ مشکل معلوم نہیں کہاں ہے منزل

راج :۔ دل یہ کہے اس مانگ کو میں تاروں سے سنوار دوں

ودیا :۔ تم سے نیا سنسار لوں تم کو نیا سنسار دوں

راج :۔ چاند اور سورج دیپ گگن کے اس دھرتی پہ اُتار دوں

پیار ہوا اقرار ہوا۔۔

ودیا :۔ کہو کہ اپنے پیار کا گیت نہ بدلیگا کبھی

راج :۔ تم بھی کہو اس راہ کا مت نہ بدلیگا کبھی

ودیا :۔ پیار جو ٹوٹا ساتھ جو چھوٹا چاند نہ چمکیگا کبھی۔ پیار ہوا

راتیں دسوں دشاؤں سے کہینگی اپنی کہانیاں

راج :۔ گیت ہمارے پیار کے دہرائیں گی جوانیاں

ودیا :۔ میں نہ رہونگی تم نہ رہو گے پھر بھی رہنگی نشانیاں۔۔۔ پیار ہوا۔۔۔

گانا نمبر ۔ شام گئی رات آئی کہ بلم آجا۔ تاروں کی برات آئی کہ بلم آجا لتا

ہو بلم آجا اب تو صنم آجا۔ ہو بلم آجا۔۔۔۔

رات اور دن کی ملن کی گھڑی ہیں۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ساون کی جھڑی ہیں

دو دلوں نے جو باندھے تھے بندھن۔ اُن میں کھوئی کھڑی میں کھڑی ہیں

یاد ملاقات آئی کہ بلم آجا۔ شام گئی۔۔۔

چھپ کے آ غیروں کی نظر سے۔ ہٹ کے آ دنیا کی ڈگر سے

پھیر نہ دے کوئی جادو نظر سے ۔ دھڑکے جیا اس ڈر سے باجو ڈر سے
منہ پہ بدلی بہت آئی کہ بلم آجا ـ شام گئی ۔۔۔

بھیگوں انکھیں تو تیری مورتیا ۔ چھم چھم چمکے جیسے بجریا
پیار بھرے تیرے نینوں کے رنگ میں ۔ بھیگے من کی چنریا ۔۔ چنریا
جیسے برسات آئی کہ بلم آجا ۔ شام گئی ۔۔۔۔۔

گانا نمبر ۲ مُڑ مُڑ کے نہ دیکھ او مُڑ مُڑ کے نہ دیکھ
زندگانی کے سفر میں تُو اکیلا ہی نہیں ہے
ہم بھی تیرے ہم سفر ہیں ۔۔۔۔ مُڑ مُڑ کے ۔۔۔۔

لتا :۔ آ دِل کی رنگین راہوں پہ آ
چاہت میں کھوئی نگاہوں پہ چھا ہم سے ہی ہم کو چُرا کے دکھا ۔۔ مُڑ مُڑ ۔۔
آگے کھڑے منزلوں کے نشاں ۔ لہرا کے جھوما جھکا آسمان
لیکن رُکے گا نہ یہ دِل کا کارواں ۔۔۔ مُڑ مُڑ کے ۔۔۔
زندگی کے سفر میں تُو اکیلا ہی نہیں ہے
ہم بھی تیرے ہم سفر ہیں ۔۔۔ مُڑ مُڑ کے ۔۔۔۔

نینوں سے جو نینا ملا کے دیکھے موسم کے ساتھ جو مسکرا کے دیکھے
دُنیا اُسی کی ہے جو آگے دیکھے ۔۔۔۔ مُڑ مُڑ کے ۔۔۔۔
دُنیا کے ساتھ جو بدلتا جائے
جو اُس کے سانچے میں ہی ڈھلتا جائے ۔۔۔۔ دُنیا اُسی کی ۔۔۔
مُڑ مُڑ کے ۔۔۔۔

گانا نمبر ۳ :۔ تمہیں قسم ہے میرے دِل کو یوں نہ تڑپاؤ لتا ـ
یہ التجا ہے کہ مُڑ مُڑ کے دیکھتے جاؤ
او جانے والے مُڑ کے ذرا دیکھتے جاؤ ۔ ذرا دیکھتے جاؤ

دِل توڑ کے تو چل دیئے مجھکو نہ بھلانا ۔ ذرا دیکھتے جانا ۔

فریاد کر رہی ہیں خاموش نگاہیں ــــ خاموش نگاہیں ۔

آنسو کی طرح آنکھ سے مجھکو نہ گرانا ۔ ذرا دیکھتے جانا

او جانے والے ۔۔۔۔

قسمت نے کہاں آکے میری بات بگاڑی ۔ میری بات بگاڑی

منزل پہ لٹا آکے میرے دِل کا خزانہ ۔ ذرا دیکھتے جانا

او جانے والے ۔۔۔۔

گانا بمبر ۔ــ لڑکا ۔ــ رتیا دستا دیا دستا دیا رفیع ۔ لتا ۔ منا ڈے

لڑکی ۔ــ میں نے دِل تجھکو دیا میں نے دِل تجھکو دیا

لڑکا ۔ــ نینوں میں تھی پیار کی روشنی تیری آنکھوں میں یہ دنیا داری نہ تھی

لڑکی ۔ــ تو اور تھا تیرا دِل اور تھا تیرے من میں یہ میٹھی کٹاری نہ تھی

لڑکا ۔ــ میں جو دکھ پاؤں تو کیا آج پچھتاؤں تو کیا

لڑکیاں ۔ــ میں نے دِل تجھکو دیا ۔ رتیا دستا دیا

لڑکا ۔ــ اُس دیش میں تیرے پردیس میں سونے چاندی کے بدلے بکتے ہیں دل

لڑکی ۔ــ اس گاؤں میں درد کی چھاؤں میں پیار کے نام پر ہی دھڑکتے ہیں دل

چاند تاروں کے تلے رات یہ گاتی چلے

لڑکیاں ۔ــ میں نے دِل تجھکو دیا ۔ رتیا دستا دیا

دویا ۔ یاد آتی رہی دِل دُکھاتی رہی

اپنے من کو منانا نہ آیا ہمیں

تُو نہ آئے تو کیا بھول جائے تو کیا

پیار کر کے بھلانا نہ آیا ہمیں

وہیں سے دُور سے ہی تُو بھی کہہ دے

کبھی مَیں نے دِل تجھکو دیا

راج: ۔ رستہ وہی اور مسافر وہی ایک تارا نہ جانے کہاں چھپ گیا
دُنیا وہی دُنیا والے وہی کوئی کیا جانے کس کا جہاں لُٹ گیا
میری آنکھوں میں رہے کون جو تجھ سے کہے
مَیں نے دِل تجھکو دیا

سب: ۔ رمیا وستا ویا ۔ رمیا وستا ویا
مَیں نے دِل تجھکو دیا ۔ مَیں نے دِل ۔

(ختم شُد)

صنعت و حرفت کے خزانے راز

مُصنف نے اِس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ ۔ امریکہ ۔ جاپان ۔ کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے ۔ صابون ۔ تیل ۔ کریم ۔ پاوڈر ۔ اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں ۔

قیمت صرف ۔/3 محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کے لئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اور زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱/- محصولڈاک معاف

دلچسپ اور کارآمد۔ راتوں کو نیند اڑا دینے والی فلمی دنیا میں تہلکہ مچا دینے والی کتاب

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں آپکے پسندیدہ فلموں میں کام کرنے والے ایکٹروں ایکٹریسوں پر ڈائرکٹروں کی زندگی کے حالات۔ وہ کس طرح فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے کس کس فلم میں کام کیا۔ انکے بہت سینکڑوں اہم معلومات۔ درج کی ہیں جگہ جگہ ایکٹریسوں کی تصاویر نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اگر آپکو فلمستان سے ذرا بھی لگاؤ ہے۔ تو آپکے لئے یہ کتاب بیحد ضروری ہے۔

قیمت صرف ۱/۱۰ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

زنن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی